غوثِ صمدانی محبوبِ سبحانی

سید محی الدین عبد القادر جیلانی قدس سرہٗ

رسالہ غوث الاعظم

مع شرح موسومہ بہ

جواہر العشاق

حضرت خواجہ بندہ نواز سید محمد حسینی گیسو دراز قدس سرہٗ العزیز

پروگریسو بکس

غوثِ صمدانی محبوبِ سبحانی

سیّد محی الدّین عبد القادر جیلانی قدّس سرّہٗ

رسالہ غوث الاعظم

مع شرح موسومہ بہ

جواہر العشاق

حضرت خواجہ بندہ نواز سیّد محمّد حسینی گیسو دراز قدس سرّہٗ

ترجمہ:

مولوی احمد حسین خان

ناشر

پروگریسو بکس لاہور

۴۰-بی، اردو بازار، لاہور

فون: ۷۳۵۲۷۹۵

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	--------	رسالہ غوث اعظم معہ شرح موسومہ بہ "جواہر العشاق"
مصنف	--------	حضرت خواجہ بندہ نواز محمد حسینی گیسو دراز ؒ
مترجم	--------	مولوی احمد حسین خاں ؒ
بااہتمام	--------	محمد یوسف وارثی
پروف ریڈنگ	--------	علامہ محمد انور قمر نقشبندی مجددی
بار	--------	اول مئی 2000ء
تعداد	--------	1100
ناشر	--------	چوہدری غلام رسول' میاں جواد رسول۔
کمپوزنگ	--------	جاپان آرٹ چوک نسبت روڈ' لاہور۔
ہدیہ	--------	-/81

ملنے کا پتہ :

پروگریسو بکس' 40۔ بی اردو بازار' لاہور۔

اسلام بکڈپو' 12۔ گنج بخش روڈ' لاہور

ملت پبلیکیشنز فیصل مسجد' اسلام آباد فون : 254111

www.maktabah.org

نعت رسول کریم ﷺ

والصلاۃ علی خیر البریۃ

خدائے تعالٰی کا شوق و اشتیاق ذات محمد ﷺ پر ہو جو اس کے محبوب ہیں۔ ایسے محبوب کے ان کے اوصاف سب سے اچھے ہیں یہ جو کہا گیا **فخلقت الخلق لا عرف** (میں نے خلق کو پیدا کیا تاکہ میں پہچانا جاؤں) اس کی وجہ یہ ہے **فظهرت المحمد لا عرف** (پس محمد ﷺ کو میں نے ظاہر کیا تاکہ میں پہچانا جاؤں) اپنے جمال وکمال کو اپنے خود سے نہیں دیکھا جا سکتا اس کے ظہور کے لیے آئینہ کی ضرورت ہے۔ افضل واکرم اور اشرف آئینہ سوائے محمد ﷺ کے کوئی اور نہیں ہو سکتا۔ خدا نے ہر شخص کو محمد ﷺ کے لیے ظاہر کیا اور محمد ﷺ کو خود اپنے لئے ظاہر کیا اسی لیے کہا گیا (اشتیاق واصلوات ہو اس کے نبی پر) اللہ تعالٰی فرماتے ہیں کہ

ان اللہ وملئکتہ یصلون علی النبی

اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر صلوہ درود بھیجتے ہیں

یعنی محمد ﷺ کے آئینہ میں اس کو دیکھتے ہیں۔ پس مومنین کی نیک رہبری کے لیے فرمایا ہے۔

صلوا علیه ای انظروا الی محمد حتی ترونی کما قال علیه السلام من رانی فقد رائی الحق

"کہ تم بھی ان پر درود وصلوۃ بھیجو یعنی محمد ﷺ کو دیکھو تاکہ مجھے دیکھ سکو جیسا کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جس نے مجھے دیکھا اس نے حق کو دیکھا"

www.maktabah.org